محمد عبدالحی، مولانا محمد یوسف اصلاحی، بتول النساء زہرا، مولانا ماہر القادری، مولانا جلیل احسن ندوی، مولانا عروج قادری، وحید الدین خان، حافظ ابو محمد امام الدین رام نگری، کوثر اعظمی، سید اسعد گیلانی، علامہ یوسف قرضاوی اور راقم ناچیز۔

ایک سوالنامے کے جواب میں کئی اصحاب کے خیالات یک جا کر دیئے گئے ہیں۔ حکومت کے موجودہ نظام زکوٰۃ پر عرفان احمد امتیازی (سابق ایڈمنسٹریٹر)، اور مولانا ریاض الحسن نوری کی تحریریں بھی شامل ہیں۔

۲۶۴ صفحات کا یہ نمبر بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

SOVIET MUSLIMS IN BRIEF | انگریزی رسالہ جاری کردہ: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳ لنڈن روڈ لائسسٹر، یوکے، زرِ سالانہ ۴ پونڈ۔

یہ بہت مختصر سا رسالہ ہے اور بہت اہم بھی۔ سوویٹ روس کے مسلمانوں کی نازک پوزیشن کو آپ جانتے ہیں کہ وہ بہت زیادہ کچلے بھی گئے ہیں۔ اور ان میں از سرِ نو ابھرنے کا جذبہ بھی کام کر رہا ہے۔ ان مسلمانوں کے ساتھ ہمارے ذرائع روابط بہت کم ہیں۔ اسلامک فاؤنڈیشن نے یہ بڑا اہم کام اپنے ذمے لے لیا ہے کہ سوویٹ مسلمانوں کے متعلق خبروں اور اطلاعات کا ایک ایک ذرہ جگہ جگہ سے چُنا جائے اور پھر ان ذروں کو دو ماہی رسالے میں یکجا کر کے فراہم کر دیا جائے۔

اب تک کے دو تین شماروں میں نہایت اچھی معلومات اور اچھے نوٹ شائع ہوئے ہیں۔

تعلیمات | مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر محمد اقبال ظفر۔ من جانب: انجمن فاضلین ادارۂ تعلیم و تحقیق جامعہ پنجاب، نیو کیمپس لاہور۔

اِس رسالے کا تعارف کبھی پہلے بھی کرایا جا چکا ہے۔ اب کچھ تھوڑے سے خلا کے بعد نئے شمارے